تقریب سے خطاب کرتے ہوئے فاشزم کے خ
حصہ لیا۔ محترمہ شبانہ یاسمین کے شکریہ پر تقریب کا

مردوخواتین کا حجامہ کیمپ، ادارۂ سیاست کی ستائش

ادارۂ سیاست کے زیر اہتمام مردوخواتین کا حجامہ کیمپ عابد علی خاں آئی ہاسپٹل میں منعقد ہوا۔ ڈاکٹر سید غوث الدین کوآرڈینیٹر کیمپ کے بموجب کیمپ میں ڈاکٹر اطہر معین میڈیکل آفیسر یونانی رانمتاپور اور ڈاکٹر ثناء نے شرکت کی۔ ڈاکٹر عبدالمجیب نے مرد حضرات کے حجامہ کی جبکہ ڈاکٹر یسریٰ فاطمہ نے خواتین کے حجامہ کیمپ کی نگرانی کی۔ مردوخواتین کے حجامہ کیمپ سے تقریباً 400 مریضوں نے استفادہ کیا۔ اس کیمپ میں تھائیرائیڈ، عرق النساء، جوڑوں کا درد، میگرین، موٹاپا، شوگر کا علاج کیا گیا۔ مردوخاتون مریضوں نے اس کیمپ کے انعقاد پر ادارۂ سیاست کی ستائش کی۔ اس کیمپ میں ڈاکٹر مجیب کے زیرنگرانی ڈاکٹر عبدالصمد، ڈاکٹر عبدالسمیع، ڈاکٹر عبدالقادر، ارشد علی، فاضل، مبین، عمران جبکہ ڈاکٹر یسریٰ فاطمہ کی زیرنگرانی ڈاکٹر ہاجرہ بیگم، ڈاکٹر سعدیہ کوثر، ڈاکٹر ثمینہ بیگم، ڈاکٹر شاہین بانو اور دیگر ڈاکٹرس نے خدمات انجام دیں۔